سوال

(629)حج نہ کرنے والے کے لئے وعید احادیث

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

حج کی کامل استطاعت رکھتے ہوئے حج نہ کرنے والے کے لئے جو وعید احادیث شریف میں وارد ہوئی ہے۔ اس کی کیا صورت ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

احادیث میں یوں آیا ہے کہ جو کوئی حج کی طاقت رکھے اور نہ کرے اس کے حق میں برابر ہے کے یہودی ہو کر مرے یا عیسائی ہو۔ مگر اس مضمون کی حدیث صحیح نہیں۔ (مشکواۃ باب المناسک 25 محرم 32 ہجری)

شرفیہ

لیکن اس اثر سے قوت ہوتی ہے۔

"عن عمر عند سعید بن منصور والبیهقی فی سننهما باسناد صحیح قال لقد هممت ان ابعث رجالا الی هذه الامصار فینظروا کل من کان له جدة ولم یحج فیضربوا علیهم الجزیة ماهم بسلمنین انتهی" (تنقیع الرواۃ فی تخریج احادیث مشکواۃ ص115۔ ج2)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

محدث فتویٰ